NIOS / Acad./ 2020/306/ 07

National Institute of Open Schooling

Senior Secondary Course - Urdu

Lesson - 7:خواجہ حسن نظامی ------ مِس چڑیا کی کہانی

Worksheet: 7

سوال نمبر ۱ : اُردو میں انشائیہ نگاری کی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے کسی ایک انشائیہ نگار کا تعارف پیش کیجئے۔

سوال نمبر ۲ : 'مِس چڑیا کی کہانی'کے علاوہ خواجہ حسن نظامی کے چار دیگر انشائیوں کے نام بتائیں اور اہم کرداروں کی نشاندہی بھی کریں۔

سوال نمبر ۳ : انشائیہ " مِس چڑیا کی کہانی" میں 'نئی روشنی کی کوٹھی' سے مصنف کی کیا مراد ہے؟

سوال نمبر ۴ : خواجہ حسن نظامی کی انشائیہ نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر ۵ : انشائیہ 'مس چڑیا کی کہانی' میں ایک جملہ ہے "اب آزادی اور برابری کا حق ہے" ۔ اس جملے کی روشنی میں عورتوں کے جائز حقوق پر ایک مضمون لکھئے

سوال نمبر ۶ : "مس چڑیا کی کہانی" کی روشنی میں بتائیں کہ بچوں کو اچھا انسان بنانے کی ذمہ داری کس کی ہے؟

سوال نمبر ۷ : "اچھوں کی صحبت اچھا بناتی ہے اور بروں کی صحبت برا کر دیتی ہے" کیا آپ ۔ اس قول سے اتفاق کرتے ہیں؟ دس جملوں میں اپنا جواب لکھیں

سوال نمبر ۸ : "مس چڑیا کی کہانی" کی روشنی میں بتائیں کہ تمثیل کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر ۹ : پرانی اور نئی تہذیب کی کشمکش کے تناظر میں انشائیہ "مس چڑیا کی کہانی" کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر ۱۰ : خواجہ حسن نظامی کے اسلوب بیان پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔